مطبُوعات

ضیاء القرآن جلد اوّل | از صاحبزادہ پیر محمد کرم شاہ صاحب بی، اے، فاضل جامع ازہر، مصر۔ سجادہ نشین بھیرہ۔

ناشر: چوہدری غلام رسول اینڈ سنز۔ تاجرانِ کتب اردو بازار۔ لاہور

قرآن مجید علم و حکمت کا ایک ایسا بحر ذخّار ہے جس کا کسی صورت بھی احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ رشد و ہدایت کا منبع ہونے کے علاوہ بیسیوں نہیں بلکہ سینکڑوں علوم کا سرچشمہ ہے۔ جب سے یہ کتاب نازل ہوئی ہے مختلف ذوق اور مختلف صلاحیت رکھنے والے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کروڑوں افراد نے اپنی استعداد اور رجحانِ طبع کے مطابق اس کے معانی اور مطالب کو سمجھنے کی کوشش کی ہے لیکن اس بحرِ بیکراں کی وسعت اور گہرائی کا کچھ اندازہ نہیں کیا جا سکا اسی وجہ سے ہر دَور میں اہلِ علم اپنی اپنی بساط کے مطابق اس میں غواصی کرتے رہے ہیں اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

جناب صاحبزادہ پیر محمد کرم شاہ صاحب نے بھی خدمتِ قرآن کے نیک اور مقدس جذبے سے کتابِ الٰہی کا سلجھا ہوُا ترجمہ کیا ہے اور اس پر عمدہ حواشی لکھے ہیں۔ فاضل مترجم چونکہ سلسلۂ طریقت کے علمبردار ہیں اس لیے ان کی تصریحات میں تصوّف کا رنگ جھلکتا ہے۔ نحوی اور لغوی تحقیقات بڑی فاضلانہ ہیں اور جناب شاہ صاحب کی عربی زبان پر قدرت کی عکاسی کرتی ہیں۔ شروع میں انہوں نے بڑے مختصر مگر جامع انداز میں جمع قرآن، ترتیب قرآن اور قرآن مجید کی تلاوت کے آداب پر بحث کی ہے۔ فہرست مطالب جس میں مضامین کے علاوہ الفاظ کی لغوی نحوی تحقیق بھی شامل ہے بڑی محنت سے تیار کی گئی ہے۔